...سے جواب دو پانزدہم عورت و مرد دونوں توام پیدا ہوئے انکے احکام
...ں کیا صورت ہے کسی آیت قران اور حدیث صحیح سے جواب دو۔ شانزدہم
...ر کوئی شخص دریا یا تالاب کے پانی میں پاخانہ پھرے تو بھی اس کی بغیر قیاس حدیث
...منع لبول فی الماء الراکد کے ارشاد ہو کسی آیت قران یا حدیث صحیح
...سے جواب دو۔ ہفدہم جب آدمی سوتے سے جاگے اور بڑا مٹکا پانی کا زمین
...میں گڑا ہوا ہے اور چھوٹا کوئی برتن نہیں تو وضو اور طہارت کیونکر کرے کسی آیت
...قران یا حدیث صحیح سے جواب دو ہژدہم جو پانی کہ لید یا گوبر کے کنڈوں سے
...گرم کیا ہوا اس سے وضو جائز ہے یا نہیں کسی آیت قران یا حدیث صحیح سے
...جواب دو نوزدہم جو روٹی کہ لید یا گوبر کی پکی ہو کھانا اسکا جائز ہے یا نہیں
...کسی آیت قران یا حدیث صحیح سے جواب دو بستم جن کمہاروں اور ...گروں کی مٹی
...لید اور گوبر کے ساتھ آگ دیگئی ہو جیسا کمہاروں کا دستور ہے استعمال انکے برتنوں
...کا جائز ہے یا نہیں کسی آیت قران یا حدیث صحیح سے جواب دو بست و یکم

حسب شرائط مذکورہ ان مسایل کے جوابات لکھنے میں اسقدر مہلت دیجاتی ہے
کہ اپنے تمام برادران غیر مقلدین سے بھی خاطر خواہ مدد لیں اور جواب باصواب
دیں ورنہ اس آیۂ کریمہ کے مورد میں انکو داخل کرنا پڑیگا ام لھم شرکاء شرعوا
لھم من الدین ما لم یاذن بہ اللہ ترجمہ کیا انکے شریک ہیں اور جو
راہ نکالی ہے انہوں نے انکے لئے دین کی جسکا حکم نہیں دیا اللہ نے۔

مسئلہ اکتیسواں ان غیر مقلدوں کے اکثر عقائد اور اعمال اہل سنت
جماعت کے بالکل مخالف ہیں کہ بعض مسایل مخترعہ و احکام مبتدعہ انکے موجب
کفر ہیں جیسے مسئلہ نماز اور بعضے موجب فسق و ابتداع ہیں کہ تفصیل انکی موجب
تطویل ہے۔

السائل

جناب فیضمآب پیر روشن ضمیر سید ابو علی شاہ بغدادی

توبہ نامہ

بعد حمد و صلوٰۃ کے میں محمد شفیع ابن نائب محمد ابراہیم صاحب مرحوم
اہل سنت و جماعت کی خدمت شریفہ میں عرض پرداز ہوں کہ میں آج تک بسبب
بادیہ ضلالت میں حیران و سرگردان تھا۔ اب بفضلہ تعالیٰ شانہ رہا ہو کر
غرہ دسویں ماہ جمادی الآخر سنہ ۱۳۰۳ ہجری روز سہ شنبہ وقت ظہر مسجد
جامع اہل سنت و جماعت توبہ کیا ہوں۔ اور داخل زمرہ اہل سنت و جماعت
ہوا ہوں جو لوگ کہ معتقد تقویۃ الایمان کے ہیں رسول پاک محمد مصطفی
صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں بے ادبی کرتے ہیں اور ایسے بے ادبی
کے کلمات کہتے ہیں یا جو کفر ہیں کوئی شخص ایسا اعتقاد رکھے یا ایسا اعتقاد

کفر وقت کریا اس کی تاویل کرنے والے کو کافر سمجھے وہ بیشک کافر
ہے اور دائرہ اسلام سے باہر کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب
میں صراحتاً یا کنایتاً یا اشارۃً سب و توہین کرنا کفر ہے۔ اور اس کافر کی حمایتی
بھی کافر ہے چنانچہ سب و توہین کے کلمات جو تقویۃ الایمان اور انکی دوسری
کتابوں میں بہت سے ہیں مگر چند عقائد جو ذیل میں تحریر ہوئے ہیں وہ انکے
کفر پر دلالت کرتے ہیں تاکہ سب اہل سنت و جماعت کو معلوم ہو

١ اللہ تعالے عرش پر بیٹھا ہے اور دونوں قدم کرسی پر رکھے ہیں
٢ خدائے تعالے کا جھوٹ بولنا ممکن ہے
٣ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے بھائی کی عزت کہتے ہیں
٤ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم چمار سے نسبت دیتے ہیں۔
٥ حق تعالے جسکو چاہیگا ہمارا شفیع بنا دیگا۔
٦ کروڑوں نبی ولی جن جبرئیل حضرت سا بنا دیگا۔
٧ حضرت حیات النبی نہیں ہیں۔
٨ حضرت کے روضہ مبارک کو توڑ دینا ہے
٩ حضرت مر کے مٹی میں مٹی ہوگئے۔
١٠ حضرت کو نہ کچھ قدرت ہے نہ کچھ سنتے ہیں
١١ حضرت کی فقط زیارت سفر کرکے جانا شرک ہے
١٢ حضرت کا نام نامی و اسم گرامی اذان میں آیا تو شکر بوسہ دینا اور آنکھ پہ
رکھنے کو کفر جانتے ہیں
١٤ جشن میلاد شریف کو اور اس کھانیکو بد اور بدعت جانتے ہیں
١٥ محب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرک کہتے ہیں
١٦ حضرت کو ایکبار کے بھی غیب داں جاننا شرک ہے
١٧ حضرت کے روضہ مبارک روبرو عاجزی و ادب بجا لانا او خضوع
و خشوع سے زیارت کرنا شرک ہے

١٨ حضرت اور دوسرے انبیا اللہ تعالے کے روبرو ذرہ ناچیز سے کمترین

١٩ حضرت کو یا محمد یا رسول کرکے کہنا شرک ہے

٢٠ حضرت کے فاتحہ کی کھانا کھانا حرام ہے

٢١ حضرت کے آثار شریف اور موئے مبارک کی اور قدم شریف کی اور نقشہ نعلین شریف کی مذمت کرتے ہین اور بد جانتے ہین۔

٢٢ دلائل الخیرات کے کتاب کے پڑھنے کو بد جانتے ہین یہانتک کہ نجد کی دلائل الخیرات کے کتب کو جلا دیا ہے

٢٣ حضرت اللہ تعالے کے نور سے ہین اور تمام عالم حضرت کے نور سے ہین کرکے جاننے کو بد اور شرک جانتے ہین

٢٤ سب افعال اور اقوال آنحضرت کے محمود نہین ہین کرکے کہتے ہین

٢٥ صحابہ علی الخصوص خلفاء راشدین کے نقل سے منکر ہین

٢٦ اماموں کی جناب مین بھی بے ادبی کرتے ہین اور بے لحاظ کہتے ہین علی الخصوص سلطان ائمہ سراج الامت امام ابوحنیفہ الامام الاعظم رح علیہ کی اہانت کرتے ہین

٢٧ مذاہب اربعہ کے منکر ہین اور اپنے کو محمدی کہلاتے ہین

٢٨ قرآن و حدیث کے معنی اپنی طبیعت سے کرتے ہین

٢٩ اور علماء ان مانتے ہین منکر ہین اجماع اور قیاس کے

٣٠ مقلدین کو مشرک و بدعتی کہتے ہین

٣١ اماموں سے ایک کی تقلید نہین کرتے بلکہ شتر بے مہار کے طور پر چلتے ہین

٣٢ فقہ حنفیہ مین ادلہ اربعہ سے جامع ہے اسکو مخالف جانتے ہین

٣٣ صوفیہ کرام کے منکر ہین اور انکو برا جانتے ہین

٣٤ اولیاؤں کی قبور کے زیارت کو سفر کرنا بد جانتے ہین حالانکہ عبادت ہے

٣٥ میت کی ادراک اور سمع کے منکر ہین

٣٦ استمداد حضرت سے یا اہل قبور سے خواہ دور ہو یا نزدیک شرک کہتے ہین

الہام کو خیال دل کہتے ہیں
بیس رکعت نماز تراویح کی پڑھنے کو بدعت ضلالت جانتے ہیں
مولود کے ثواب رسانی میں ثواب جب ہی ہوجانا [illegible] تعیین سے
یا غیر یقینی سے بد جانتے ہیں

[illegible]ے اور بھی عقائد ایسے ہیں کہ جنکا تفصیلی بیان غیر ممکن ہے سوائے انکے
[illegible]یات جنکو کبھی بہشت سے کلیات انکے مذموم ہیں پس کوئی شخص
[illegible]قید مذکور رکھتا ایسے معتقد کے حق میں کیا بیشک کافر ہے اور سب ایسا
[illegible] کیا ہوں اور میرے اعتقاد تھے اور اب یہی کہتا ہوں کہ ایسا عقیدہ
[illegible]کھنے بیشک کافر ہے اور دائرہ اسلام سے باہر جسکا معتقد ہووے یا
[illegible]میں سے ایک کا معتقد ہووے اسکا بھی وہی ہے جو اوپر گذرا فقط یہ
[illegible]سند اہل سنت وجماعت کو معلوم ہوئے اور آئندہ میرے سے
[illegible]ب اعتقاد رکھنے اور مجھکو وہابیہ کے نام سے مشہور کرنے خود
[illegible]ھتا ہوں اور مطلع کرتا ہوں تا آئندہ کوئی مجھے وہابیت طرف منسوب
[illegible]کرے اعاذنا اللہ من ذالک بحرمت النبی وآلہ الامجاد۔

دستخط

محمد شفیع بن نائب محمد ابراہیم صاحب مرحوم ۸ ماہ مارچ سنہ [illegible]
[illegible] تحریر نامہ پہلے بنگلور میں چھپا تھا لیکن اس کی ضرورت سمجھکر بعض کے
[illegible] مسلمان اس گمراہی سے بچیں اور سیدھے راستہ پر آجاویں اسکا
[illegible]سنیوں کم تر ہیں تھا کیا کہ علمائے دین قاضی سراج الدین احمد [illegible]
[illegible]ر و فساد اسکے دوبارہ چھپواکر مفت تقسیم کیا اسیطرح خداوند تعالے
[illegible]سب مسلمانوں کو یہ نیک توفیق عطا کرے کہ وہ سب [illegible] طرح اپنے
دین کے مددگار رہجاویں اور اپنے دین کی کتابیں ہر زبان میں چھپا کر
مفت تقسیم کریں ۔ اگر کوئی صاحب ان مسایل میں شک کریں کہ یہ عقیدہ
ہمارا نہیں ہے تو خاموش نہ رہیں بلکہ چھپا کر اسیطرح مشتہر کردیں

کرہا یہ عقیدہ نہیں ہے اور حضرت اس وقت میں یہی ہے کہ دل و جان سے کل اہل
اسلام کو یہ جھگڑا چھوڑ کر اور اتفاق کر کے ایک دل ہونا چاہیے تو بیشک اللہ تعالیٰ سے جزا خیر
دارین کو تفضل نما بلغت و رسالہ اگر یہہ کام نہ کیا تو رسالت کا کوئی حق نہ ادا کیا
یعنی دعوت اسلام کر کے خدا کے راستہ پر نہ بلایا تو کوئی کام نہ کیا فقط

فتوے از علماے پشاور

حامداً مصلیاً والسلام علی من اتبع الہدی

اعلان و اطلاع عام بنام جملہ علماء حنفی و ملکان و جمیع مسلمانان شرع دین مبین
کرنی مابین علماء عصر ہذا در کفر مستحل حرمت تنباکو کشیدن دخان اور اختلاف
واقع شدہ بعد از ملاحظہ کتب معتبرہ بحجت رسید کہ در بعض کتب روایات
اباحت و در بعض کراہیت و در بعض حرمت است علماء پنج در اباخیل و پتہ امری
و کمال زری و سدم و پتہ رز و ہشتنگر و ختک در موضع شریف اسوٹہ مکان عالیشان
فیض نشان ملا صاحب اسوٹہ بروز جمعہ بتاریخ ۲۱ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۲ھ حاضر آمدند
و بروز شنبہ علما رستہ جات مذکورہ بموضع موصوف اتفاق کردند کہ مصر و مستحل
تنباکو مستحق ملامت است لکن تکفیر گفتنہ کار راست نیست و جنازہ برو میشود و منع خصومت و زن برو
طلاق نمی گردد از یں باعث کہ حرمت تنباکو کشیدن و خائیدن او مختلف فیہ است
و حکم مختلف فیہ عدم کفر مستحل است و ایں عقیدہ اہل سنت و جماعت است
و ہر کہ معتقد کفر مستحل و مصر تنباکو کشیدن و خائیدن باشد از دائرہ
اہل سنت و جماعت خارج است

۱ پشاور — قاضی غلام محی الدین

۲ — خادم شرع ملا فاضل شاہ

۳ — العبد حاجی غلام جیلانی خلف ملا ... صاحب مرحوم


العبد
ملا
قاضی
سیف الله
ساکن

۲۸ ملا رضوان الله ساکن دہوتی

۲۹ قاضی فضل محمود ساکن دہوتی

۳۰ ملا حبیب ساکن نیتو جبلے

۳۱ ملا نعمان ساکن تودہ

۳۲ ملا عبد الرحیم ساکن شیخ جانا

۳۳ قاضی غلام محمد ساکن ملندری

۳۴ ملا سید عالم ساکن ششیر مخشہ

۳۵ سید اکبر ساکن ششیر مخشہ

۳۶ حافظ مرمندی ساکن ہوتی

۳۷ حاجی احمد علی

۳۸ ملا عبد الرحمن ساکن رالی

۳۹ ملا زائد الله ساکن تمنت

۴۰ قاضی سید نور ساکن ساکن توردو

۴۱ ملا فضل قادر ساکن ترنگزی

۴۲ ملا حمید الدین ساکن ترنگزی

۴۳ ملا فضل احمد ساکن عمرزی

۴۴ ملا عبد الہادی ساکن اوتمانزی

۴۵ لالہ صاحب تتند حاد

۴۶ ملا غلام نبی ساکن کاکڑ

۴۷ ملا محمد لطیف ساکن یارمین

۴۸ ملا میر محمد ساکن اسپیلالہ

۴۹ ملا عبد الله ساکن سنگوی

۵۰ ملا سعادت ساکن نودہ

۵۱ ملا میر محمد ساکن تودہ

۵۲ ملا رحمت شاه ساکن شیوه

۵۳ ملا حمید الله ساکن شیوه

۵۴ ملا غفران ساکن شیگون

۵۵ مولوی صاحب کل المدعون [illegible]

۵۶ ملا لطیف ساکن یار حسین

۵۷ محمد ساکن سرجن آبری

۵۸ ملا محمود ساکن باریک آب

۵۹ المسمی ملا صاحب کرباید

۶۰ باغی شاه ساکن شیوه

۶۱ ملا محمد حسن ساکن پچی

۶۲ عبدالقدیر صاحبزاده صاحب ساکن ترند شریف

۶۳ ملا محمد نور ساکن تیراهی پایان

۶۴ ملا عبدالقدوس ساکن گجرات

۶۵ ملا شیوه وریوحی ساکن تجگری

۶۶ ملا فضل احمد ساکن ازتنانزی

۶۷ قاضی حضرت شاه ساکن اما[illegible]

پسر ملا صاحب اسوشه

۶۸ مظهر لطف الحمید الله

این همه علماء کرام عظام از شهر پشاور زنده تر جناب اند زبان درخشان
جناب صاحب علیه الرحمه دعا گفت جنازه حکم کشش دیگر نشنیده ام مگر انکار
حکم حرمت سیف سودند ماشر

اشتہار بنا بعثت ایشان از حرام شیخ حجیم حاجی شہ

سید سنی رحمۃ اللہ علیہ

حاجی
فقیر سید سنی

نقل خط از جناب صاحبزادہ صاحب حافظ عبد الخالق زاد رتبہ
کہ بنامے شہر ہائے روزگار عالمیت دارسہ سجادہ نشین جناب محبوب سبحانی
سید عبد القادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز حضرت شیخ سید سلمان افندی کا
زادہ و جنتہ کہ در بغداد شریف سکونت دارند بحجت ارشان این خط تحریر شدہ بجد
اشتہاد و شرطیفہ برائے مسکین در بمبئی رسید استفسار این خط را واضح نمایند رسالہ
مطبوعہ مرسول شد دہمین خط مع مہر جناب ابوبکر آخوندزادہ صاحب مع دستخط ملا
صاحب پاس اعنی محمد عالم موجود ہست

عقاید حنفیہ

نحمدہ اللہ ونصلی علی حبیبہ وآلہ واصحابہ اجمعین

ذات اللہ تعالے واحد لاشریک جامع جمیع صفات کمالیہ ذاتیہ ازلیہ کا مکان
وزمان وجہت وانسے مستقر بر عرش و امکان اتصاف بکذب وجہل وخلاف وعدہ
سے منزہ ومبرا ہے اور حلول فی الشئے واتحاد وباشی سے مقدس نافع اور ضار بالذات
سوا اس کے کوئی نہیں فاعل اور موثر حقیقی وہی ہے ۔ حی ۔ علیم ۔ قدیر ۔ مرید ۔ مکون
سمیع ۔ بصیر ۔ متکلم ۔ اور اس کے صفات کمالیہ ذاتیہ کی حد و نہایت کوئی نہیں
لیس کمثلہ شئے کہ خدا کی ذات وصفات جیسی کسی کی ذات وصفات نہیں یعنی ذاتی ازلی
دوم حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رسول ثقلین ہیں اور کل عالم کو راہ

لہ یہ اصلاح کی ۱۲ اکتابیں صفحہ ۳۸۵ پر لکھی ہوئی موجود ہے

…ت کے ارشاد فرمانے واسطے - اور نبوت آپ کی عالم ارواح میں ثابت
…خلق بجمیع اخلاق اللہ تعالیٰ سے موصوف بجمیع صفات کمالیہ باری تعالیٰ سے
…ہے آپ بلکہ محض عنایت اور رحمت سے سوائے وجوب اور قدم ذاتی کے
…پنچے صفات کمالیہ کی کوئی حد و نہایت نہیں

…مکارم اخلاق ہیں۔ جوامع الکلم اور مفاتیح خزائن الارض آپکو عطا ہوئے تھے
…لی صفت بالیت الرجات والاذن سب کیلئے ثابت ہے مشارق الارض
…مغارب آپ پر پیش ہیں اور عقائد اور اعمال امت کو بطور رسالت مشاہدہ کیا
اعمال امت آپکے حضور میں پیش کئے جاتے ہیں۔

…اصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سب عدول و ثقات واجب التعظیم ہیں بجز
…ت کے کسی کو کوئی حال بیان کرنا شایاں نہیں۔

…خلافت راشدہ نبوت بعد آپ کے تیس (۳۰) سال تک رہی - اور مراتب
…خلفاء راشدین بہ ترتیب خلافت ہیں۔

…استمداد و استعانت انبیاء و اولیاء سے حیات میں و بعد از انتقال جائز ہے مگر غیر
…کو شریک خدا نہ جانے۔

…تقلید ایک امام کی ازروئے شرع واجب ہے۔

…حنفی کو امام اعظم علیہ الرحمۃ کے مذہب پر چلنا واجب ہے۔

…م ایک مسئلہ میں اگر روایت مفتی بہ اپنے امام کی اور حدیث صحیح بخاری وغیرہ
…ظاہراً متخالف پیدا کرے تو حنفی کو عمل بر روایت امام اعظم علیہ الرحمۃ
…واجب ہے کیونکہ روایت امام ہمام کی مطابق آیت و حدیث صحیح کے ہے
…ا امام صاحب اور ان کے تابعین سلف صالحین جواب حدیث متخالف کا
…ے چلے ہیں چنانچہ رسائل میں بھی بیان ہوگا۔

…یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و یا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ بعد وفات
…ازالت حالیہ سے کہنا جائز ہے اور مرتبہ ولایت غیر نبی درجہ نبوت نبی سے
…نے ہے

…غیر مقلدین اور باقی اہل بدعت وہابیہ روافض خوارج نیچری وغیرہ

سے شریک جماعت و مجالس خاصہ اسکے ہونا ناجائز ہے اور ایسا ہی اوسکو اپنی
اپنی جماعت و مجالس خاصہ میں باعلم خود شامل کرنا ناجائز و بد لاعلمی اور بے اختیاری
سے شمول اس کا یا اوسکا سے تئیں ہے

هذه عقائد آبائنا الابرار و لغير حين و قدماء رحمهم الله المقربين في
دار الحبور و هو صراط مستقيم و صدق هذه العقائد مدلله بالآيات
والاحاديث واقوال الائمة الصالحين و نتائج هذه العقائد قد كانت
ما تنفي الخلافيات في الاصل فهذه شجرة طيبة اصلها
ثابت و فرعها في السماء تؤتي اكلها كل حين فان بقي في قلب
الناظر خطرة خلاف هذه فعليه ان ينظر في الكتب
المطولة او يسمع من الناظرين فيها —

حرره الفقير غلام قادر عفي عنه

فتویٰ علماء رامپور کا مسائل ذبیحہ وہابیان دہلی وغیرہ کے رد میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر کسی شخص نے نذر مانی کہ
اگر میرا کام میرا ہو تو ایک بکرا شیخ سدو کے نام کا ذبح کرونگا اتفاقاً وہ کام مشیت
ایزدی سے ہو گیا الآن اس شخص نے موافق اپنے کہنے کے ایک بکرا اپنی نیت

سو یہ فتویٰ اسلام کی ۱۹ کتابیں صفحہ ۳۸۵ تا ۳۸۷ پر بھی موجود ہے

سعدیا امام حسین دیا غوث الاعظم کے نام ذکر کے بسم اللہ اللہ اکبر
ذبح کیا پس اس بکرہ کا گوشت کہانا درست ہے یا نہیں - اور نیت تقرب
و علت ذبیحہ میں کچھ خلل ہی یا نہیں اور وہ بکرا ما اُہل بہ
میں داخل ہے یا نہیں بینوا توجروا

الجواب

بکرہ کا گوشت کہانا درست ہے اسواسطے کہ وہ بکرہ ذبح کیا گیا ہے ساتھ نام اللہ تعالےٰ
مما ذکر اسم اللہ علیہ الآیۃ اور دوسری آیت میں ولا تأکلوا مما لم
یذکر اسم اللہ علیہ الآیہ اور نیت تقرب الی اللہ پر حلت ذبیحہ چند وجوہ سے موقوف
اول یہہ کہ دونوں جگہہ آیتوں میں لفظ ذکر موصول بعلیٰ ارشاد فرمایا اور جب
علیٰ کے ساتھ ہو تو معنے اس کے ذکر لسانی کے ہوتے ہیں عنایہ شرح ہدایہ
یعنی تدل علی ان المراد بہ الذکر باللسان یقال ذکر علیہ اذا ذکر باللسان
یہہ کہ لفظ ذکر خاص ہے موضوع واسطے معنی معلوم کے اور وہ زبان سے
اور خاص اپنے مدلول میں قطعی و واجب العمل ہوتا ہے اور محتمل معنی غیر
کا نہیں ہوتا اور اس پر زیادتی اختیار احاد سے جائز نہیں چنانچہ
اصول میں یہہ معلوم ہیں پس لفظ ذکر سے نیت مراد لینا یا اخبار احاد سے
پر زیادتی کرکے نیت تقرب الی اللہ پر حلت ذبیحہ موقوف کرنا خلاف
خاص اور ناجائز ہے **تیسری** یہہ کہ اگر نیت تقرب الی اللہ پر حلت
موقوف ہو تو لازم آتا ہے کہ ذبیحہ قصابوں کا جو بہ نیت تجارت ذبح کرتے
اور ذبیحہ دون عوام کا جو نیت تقرب الی اللہ نہیں جانتے حرام ہو جاوے
میں حرج عظیم ہے چوتھی یہہ کہ فتاویٰ سراجیہ میں ہے —
قال اذا ذبح باسم المسیح لا تحل واذا ذبح باسم اللہ واراد بہ المسیح تحل میں
نیت معتبر ہوتی تو چاہیے تھا کہ ذبح ثانیہ بھی حلال نہوتا اور تفسیر کبیر
صریح ہے انما کلفنا بالظاہر لا بالباطن فاذا ذبحہ علی اسم اللہ

ورد بہ ان یحیل بکلا سبیل لنا الی الباطن اس سے صاف ظاہر ہوا کہ
نیت کا اس بارہ میں کچھ اعتبار نہیں بلکہ اعتبار صرف ذبح زبان سے کہنے
کا ہے پس اگر وقت ذبح اللہ کے نام کے ساتھ غیر اللہ کے نام کو شامل کرے اور زبان
سے کہے تو ذبیحہ حرام ہو جاتا ہے اور اگر قبل وقت ذبح کے یا بعد اس کے
زبان سے کہے تو کچھ مؤثر نہیں ہدایہ میں ہے والثالثۃ ان یقول مفصولا عنہ صورۃ
ومعنی بان یقول قبل التسمیۃ قبل ان یضجع الذبیحۃ او بعدہ وهذا لا
باس بہ الخ اور وہ بکرہ یا مرغ جو بغیر اللہ میں داخل نہیں اسواسطے کہ معنی الاہلال
کے رفع الصوت ہیں صراح میں ہے اہلال الملبی اذا رفع صوتہ فی التلبیۃ
واهل بالتسمیۃ علی الذبیحۃ ومنہ قولہ تعالی وما اهل بہ لغیر اللہ ای
نودی علیہ بغیر اسم اللہ واصلہ رفع الصوت اور رفع الصوت عند الذبح
معتبر ہے چنانچہ تفسیر بیضاوی میں ہے وما اهل بہ لغیر اللہ ای رفع بہ الصوت
عند ذبحہ للصنم اور اس بکرہ پر ذبح کے وقت خدا کا نام لیا گیا ہے اور یہ
پہلے معلوم ہو چکا کہ نیت کو اس بارہ میں کچھ دخل نہیں پس وہ بکرہ ما اهل بہ
لغیر اللہ میں داخل نہ ہو اور اسکی گوشت کھانا جائز ہوا چنانچہ تفسیر احمدی میں اسی
قول کے ذیل میں ہے ومن ههنا علم ان البقرۃ المنذورۃ للاولیاء
کما هو الرسم فی زماننا حلال طیب لانہ وان کانوا ینذرونها لہم
لکن لم یذکر عند الذبح الا اسم اللہ انتہی اور مولوی اسمٰعیل صاحب
دہلوی نے جنکو وہابی لوگ بہت مانتے ہیں رسالہ تحقیق ذبیحہ میں لکھا ہے
اگر نذر کند پس نذر اگر گوشت واقع آن گوشت حلال است بیانش آنکہ
مثلا اگر شخصے نذر کند کہ اگر فلان حاجت من برآید اینقدر نیاز حضرت سید احمد
کبیر میکنم و اینقدر طعام نیاز ایشان مردم را بخورانم اگرچہ درین نذر گفتگو ست
لیکن طعام حلال است اگر مشرک برائے بھوانی کبوترے یا گنجشکے بگذارد یا
بنام شیو سگے را نہاید مہمان کبوتر یا گنجشک را مسلمانے شکار کردہ بخورد حلال است
وهمچنین است حال بجا باشنی کہ ازین نام قبل ذبح اعلان نشدہ انتہی افسوس علم ہی
گیا اگر کوئی بغیر ملت والا ہو جیسے کہ نذرانہ بکرے جو سیتلا پر چڑھائے جاتے ہیں

ور بعد اس کے قصاب لوگ ذبح کرتے ہیں اور بیچتے ہیں اور سب مسلمان ان
سکو کھاتے ہیں اگر یہ گوشت حرام ہے تو کیا کھانے والے ہیں اور اگر حلال ہے
کیا وجہ ہے فتنہ کو بینوا توجروا واللہ اعلم بالصواب

مولوی محمد فضل حسن	الجواب صحیح والمجیب نجیح	صح الجواب
الدعی مظفر الحسن	مولوی محمد عبد العزیز عفی عنہ	مولوی [illegible]
الجواب صحیح	ذالک کذالک	ہذا الجواب صحیح
مولوی نادر الدین	مولوی سید محمد ضیاء الحق	مولوی حبیب احمد عفی عنہ

ہذا الجواب صحیح بلا ریب — ہذا ہو الحق وما الحق احق بالاتباع
مولوی سیف الدین — مولوی محمد یعقوب علی عفی عنہ

القیت الخامس اولہا الی الآخر عندی مقبول من اللہ ... المفضل
کل ما فیہا صحیح وعلیہ الاتفاق — مولوی محمد تقی الحسن

ہذا الجواب صحیح بلا ریب	ہذا الفتوی صحیح عندی	الجواب صحیح والمجیب مصیب
مولوی محمد مسعود	مولوی سلطان محمد	مولوی عبد الحق

اشتہار واجب الاظہار

واضح ولائح ہو کہ اصل منقول عنہ اس فتوے کا شہر مصطفےٰ آباد عرف
رامپور میں مطبوع ہوا تھا چونکہ آجکل اس مسئلہ میں وہابیہ نجدیہ اسعید و اسحاقیہ
نے جابجا شور و غل مچا رکھا ہے کہ ایسا ذبیحہ مردار ہے اور کرنیوالا ایسے ذبح
کا مرتد اور مشرک ہے لہذا اس کمترین اضعف عباد اللہ ابن ثناء اللہ ساکن
آباد نامی کی مسنٹری سے نقل کرکے حال واسطے ... نے اس مسئلہ کو
چھپوایا تاکہ اپنے بھائی مسلمان سنت والجماعت وہابیوں کے دھوکے میں
نہ آویں اور حلال طیب کو حرام نہ سمجھیں وصلی اللہ تعالےٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد
خاتم الانبیاء والمرسلین شفیع المذنبین فی الدنیا والدین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

مسئلہ تین دفعہ دینے سے تین طلاق واقع ہو جاتی ہیں

اول مسئلہ طلاق بدون حلالہ کے مندرج اول پر حلالہ نہیں ہو سکتی اور بغیر حلالہ حلالہ کے نکاح اسکا پہلے خاوند کے ساتھ جائز کرتا ہے وہ منافق ہے اور باغی دو ہو کر باز خدا کا

یہ مسئلہ کثیر الوقوع ہے اور عوام الناس اس بلا میں پڑ گئے ہیں جاہل نادان جب غصہ میں آتا ہے اور زوجہ کیساتھ کسی بات میں تکرار کرتا ہے اور رفتہ رفتہ نوبت بجنگ پہنچتی ہے تو تنگ آ کر عورت کو تین طلاق دیدیتا ہے۔ اور بعضے جاہل زبانی تین طلاق نہیں بولتے مگر نویسندہ کو کہدیتے ہیں کہ طلاق نامہ لکھدے نویسندہ بے علم ہوتا ہے اسکو مسئلہ کی تحقیق نہیں وہ از طرف خود بطمع زر دو بات لکھدیتا ہے اور تین طلاق لکھکے عورت حرام کر دیا ہے۔ بعد چند روز کے جب درمیان خاوند و جورو کے صفائی ہو جاتی ہے اور اپنے کئے پر نادم پشیمان ہوتے تو از سر نو خواہان نکاح کے ہوتے ہیں جب کسی عالم حنفی کے پاس جاتے ہیں اور کاغذ طلاقنامہ کا دکھاتے ہیں تو عالم حنفی در جواب کہتا ہے کہ اب نکاح تمہارا بدون حلالہ کرانے کے جائز نہیں ہو سکتا بعضے جاہل مارے شرم کے حلالہ کا نام سنکر گھبرا جاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ کوئی ملا گندہ ناشرم کسند جائز کہدیوے تو ہمارا مطلب حاصل ہو جاوے جو بندہ یا بندہ آخر لیتے ملا کے دنیائی لالچ سے جا کر اپنا نقد دیتے ہیں اور اس سے برائے نام لکھاتے ہیں کہ اس معاملہ میں نکاح بدون حلالہ کے درست ہے اور وہ جاہل اس تحریر کو درست آ ...

تیر قرآن وغیرہ پڑھا لیتا ہے اور وہ لوگ دیہاتی بے خبر از مسائل دین ہوتے
ہیں جب فتویٰ تحریری فتوے سے دیکھتا ہے کہ الا بلا برگردن ملا وہ بھی نکاح
پڑھا دیتا ہے اور دوسرے لوگ سکتہ دیدگی ایسا معاملہ خلاف دین کے دیکھ کر
حیران ہوتے ہیں اور دور دراز سفر کرکے علماء سے استفسار طلب کرتے ہیں
علما اپنے دینے کا روبار دنیا میں مصروف ہوتے ہیں اونکو اتنی فرصت
کہاں ہر کس ہیں اسلئے کتابیں احادیث کی نکالکر تفصیل دلایل فتوے لکھیں
ہیں اگر کسی نے کچھ لکھا ہے تو بقدر ضرورت مختصر جسکو عام لوگ پورا پورا سمجھ
نہیں سکتے اور تسلی کامل نہیں ہوتی تو مجبور ہوکر خاموش ہو جاتے ہیں یہ
معاملہ کثیر الوقوع ہے اور اس مسئلہ کی تشریح مسائل جو چھپی نہیں
طلاق اور لوگ اس نکاح پڑھانے سے حرام دائمی میں مبتلا ہوگئے ہیں
اور اولاد حرام کی پیدا ہوتی ہے اسکا وبال برگردن وہابی فتوے دینے والے
کے ہے قیامت تک جتنے حرام ہوتے رہینگے سب وبال وہابی منافق
کے سر پر ہوگا - اس مسئلہ کی اصل حقیقت دریافت کرنے سے واضح ہوتا
ہے کہ جو لوگ تین طلاق کو ایک طلاق کہتا ہے وہ منافق ہے ایمان سے بے بہرہ
ہے چنانچہ حدیث عبد اللہ بن عباس رضی سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ
قایل اس مسئلہ کا منافق ہے اور یہ بات انکے منافق ہونے کی ہے دلیل واضح ہونیکی یہ ہیکہ
حدیث ہے جسکو مسلم وغیرہ نے حدیث طاؤس سے روایت کیا ہے کہ ابا صہباء نے
عبد اللہ بن عباس رض کو کہا - أتعلم انما كانت الثلاث تجعل واحدة على
عهد النبي صلى الله و ابي بكر رض وثلاثا من امارة عمر رض فقال ابن عباس رض رواه مسلم
والطحاوی وابو داؤد والنسائی -

ترجمہ بھلا تم جانتے ہو کہ حضرت صلعم کے عہد میں اور صدیق اکبر رضی کے
عہد میں اور تین سال حضرت عمر رض کے زمانہ میں تین طلاق کو ایک بنایا جاتا تھا
ابن عباس نے کہا ہاں اسکو روایت کیا مسلم وطحاوی وابو داؤد ونسائی نے

جواب

یہ حدیث نہیں ہے بلکہ ایک سوال وجواب ہے جو مابین ابو الصہبا اور ابن
عباس رضہ کے واقع ہوا ہے حدیث نام ہے قول یا فعل یا تقریر حضرت صلعم کا
یا صحابی کا یا تابعی کا اس کلام میں ان تینوں باتوں سے ایک بات کا ثبوت نہیں
ارشاد حضرت صلعم کا نہ فعل نہ تقریر آنحضرت صلعم اور نہ صدیق کی اور نہ حضرت عمر
رضہ کا - بلکہ حدیث ابن عباس رضہ ہے جسکو طحاوی وغیرہ نے بسند جید بیان
کیا ہے صاف واضح ثابت ہے کہ یہ فعل منافقوں کا تھا اور اس سوال وجواب
ابو صہبا میں بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس فعل کو منسوب بسوئی حضرت
صلعم یا صدیق اکبر رضہ یا عمر رضہ نہیں کیا گیا بلکہ ایک عیب کے طور پر بیان
کیا گیا ہے کہ پہلا ان عہدوں میں ایسی کارروائی کیجاتی تھی کرنیوالے مجہول
ہیں جو قابل الالتفات نہیں اور نہ ان کا نام لیا گیا ہے مالک بن ابی بکر
رضہ حضرت ابن عباس رضہ سے راوی - جب کسی نے ان سے دریافت
کیا کہ میرے چچا نے اپنی عورت کو تین طلاق دی ہیں آپ نے فرمایا کہ تیرے
چچا نے خدا تعالی کی نافرمانی کی سو اللہ تعالی نے اس کو گنہگار فرمایا
اور اس نے شیطان کی فرمان برداری کی سو اللہ نے اس کے واسطے کوئی
طریق خلاصی کا اس بلا سے نہیں بنایا - راوی بولا کہ کوئی اس عورت کو اسطرح
حلال کرتا ہے فرمایا کہ من یخادع اللہ یخادعہ یعنے جو کوئی خدا کے ساتھ
دہوکہ کرے خدا اسکو دہوکے کی جزا دیتا ہے یہ مخادعت کا لفظ خاص واسطے
منافقوں کے ہے یخادعون اللہ یعنے وہ خدا کو فریب و دھوکہ دیتے ہیں
وما یخدعون الا انفسہم اور نہیں دہوکہ دیتے مگر اپنی جانوں کو
ان منافقوں نے بھی اس معاملہ میں بھی چاہا کہ حرام کاری اس دہوکے
میں کریں کہ ہوشمند جاہلوں کو کہا کہ ایک طلاق ہے اور ایک طلاق صریح موجب
حرمت کی نہیں ہوتی اسمیں رجوع زبانی کافی ہو جاتا ہے اس طلاق کا
اتنا حکم ہے کہ عدت میں اگر زبانی کہیں کہ میں نے رجوع کیا اور اپنے گھر
سے ہاتھ لگایا یا عورت کو مساس کرے تو رجوع ثابت ہوئی اور حاجت نکاح جدید
کی نہ ہی اگر یہ از طرف نکاح کرنا چاہیے تو نکاح جدید کر لیوے طلاق کی ضرورت

حقیقت تو یہ ہے جو بیان ہوئے مگر برائے توضیح و تشریح ترجمہ حسینی مترجم
ری و طحاوی کا لکھنا ضرور ہے کہ کاروائی اصحاب اکرام کی ضعیف ہو جاوے اور
ف طریق مسلمانوں کا جو وہابیوں نے ختنہ کیا ہے ظاہر ہو جاوے ۱۱
اوی رض نے بیان کیا ہے کہ اس حدیث ابن عباس رض میں جو سوال
صہبا میں بلفظ ثم وارد ہوئی ہے یعنی طلاق ہونا ان تین طلاق وغیرہ کا تمام
کر خلاف اس نے اپنے باپ کے سوال جواب مذکورہ ابن عباس کا بیان نہیں کیا
یہ عبارت مجمل و احتمالی بیان کر کے بیان کیا کہ جو بات سنتے رہے حضرت
رض نے سب لوگوں کو جنہیں اصحاب کبار حضرت رسول کریم صلعم کے تھے
طلب کر کے فرمایا کہ۔ ایہا الناس قد کانت لکم فی الطلاق اناۃ
نہ من تعجل اناۃ اللہ فی الطلاق الزمناہ ایاہ اے لوگو ضرور تمہاری
طلاق میں خدا نے ڈھیل دی تحقیق جو شخص خدا کی ڈھیل کو طلاق میں
دی کرے گا ہم اس کی جلدی کو اس پر لازم کر دینگے۔ یہ بات کسی صحابی
جواب نہ دیا اور انکار نہ کیا سب نے تسلیم کر لیا اور سب نے تینوں زمانوں کو
ی دیکھا تھا بلکہ یہی لوگ تھے جو ان مسائل کے برتنے والے تھے دین جدید
اور باتیں معمولی خانہ داری کی شہر مدینہ منورہ میں عملدرآمد ہوتی تھی اگر فی الواقع یہ
عاملہ صحیح ہوتا اور یہ ارشاد سرور کائنات یا خلیفہ اول یا ثانی جاری ہوتا
بالضرور اور جواب اس کلام حضرت رض کے کوئی صحابی کچھ تذکرہ کرتے یا دلیل
ب کرنا پس یہ تسلیم کرنا کلیم کا بڑی دلیل شرعی ہے جس کا نام اجماع ہے
پہلی کاروائی و معمول کو منسوخ یا باطل کر دیتی ہے اس اجماع سے ثابت
ہو گیا کہ تین طلاق کو ایک طلاق قرار دینے کی دلیل شرعی کی طرف منسوب
نہیں تھا۔ یعنی آیت یا حدیث قولی یا فعلی یا تقریری حضرت صلعم
اس بارہ میں کوئی ثابت نہیں ہوئی۔ ورنہ یہ نا ممکن ہے کہ صحابہ
ہم رعیت کو طلب دنیوی معلوم ہوا اور یہ بیچ عام میں چھپایا تعجب تو یہ ہے
ریت کا جو یہ ہو۔ جو قیامت تک دستور العمل رہے گا اس محل پہ
سکوت اختیار کریں ہرگز نہیں ہو سکتا۔ اس کی تائید میں احادیث

مرویہ از ابن عباس کہ نفی جو معمول و فتوے اونکا تھا بیان کرنی واجب ہیں
امام طحاوی مالک بن حارث سے روایت کرتا ہے کہ ایک شخص ابن عباس رض
کے پاس آیا۔ اور کہا کہ میرے چچا نے اپنی زوجہ کو تین طلاق دی ہیں
فقال ان عمك عصى الله فاثمه الله واطاع الشيطان
فلم يجعل له مخرجا سو ابن عباس رض بولے کہ تیرے چچا نے خدا کی
نافرمانی کی سو اللہ نے اوسکو گنہگار کر دیا۔ اور اوسنے شیطان کی
تابعداری کی سو اوس کیواسطے نکلنے کا رستہ نہیں بنایا گیا سو پس مالک
بن حارث نے ابن عباس رض سے کہا کہ کیف ترى فى رجل
يحلها له فقال من يخادع الله يخدعه آپ کیا کہتے ہو اوس شخص کو
جو یہ عورت اوسپر حلال کرتا ہے ابن عباس رض نے فرمایا جو خدا کو دھوکہ
دے خدا اوسکو دھوکہ دیتا ہے اور محمد بن ایاس کی مروی ہے کہ ایک آدمی نے اپنی
عورت کو قبل اسکے کہ دخول کرے تین طلاق دے پھر اوسکو شوق ہوا کہ
ساتھ نکاح کرے پس وہ فتویٰ پوچھنے لگا۔ میں اوسکو ساتھ لیکر ابو ہریرہ و عبداللہ
بن عباس رض کے پاس لیگیا پس دونوں نے کہا کہ وہ عورت
تجھے حلال نہیں جب تک کہ دوسرے کے ساتھ نکاح نہ کر لیوے۔
وہ شخص بولا کہ میری اوسپر ایک طلاق تھی یعنے غیر مدخولہ ایک
طلاق کے ساتھ بائن ہو جاتی ہے۔ پس عبداللہ بن عباس رض
نے فرمایا کہ تمنے اپنے ہاتھ سے دوسری دو طلاق چھوڑ دیں جو زیادہ
تھی۔ یعنے اگرچہ ایک طلاق کے ساتھ بائن ہو جاتی تھی مگر تو نے
تینوں دفعہ دیدیں سب واقع ہو گئیں۔ اور معاویہ بن ابی عیاش رض
کہتا ہے کہ میں عبداللہ بن زبیر اور عاصم بن عمر رض کے پاس بیٹھا تھا
کہ محمد بن ایاس بن بکیر آیا۔ اور کہا کہ ایک آدمی اہل بادیہ نے اپنی زوجہ
غیر مدخولہ تین طلاق دے دی ہیں۔ سو اب تمہاری رائے کیا ہے
عبداللہ بن زبیر بولے کہ اس معاملہ میں ہماری قول کوئی نہیں۔ تو
عبداللہ بن عباس اور ابو ہریرہ رض کے پاس جا کر دریافت کر

پھر ہمارے پاس آکر خبر اس بات کی دے سو وہ آدمی ان کے گیا
ان سے دریافت کیا سو عبد اللہ بن عباس رضہ نے ابوہریرہ رضہ کو
کہ اسکو فتوے دو یہ امر مشکل پیش آیا۔ ابوہریرہ رضہ نے فرمایا کہ ایک
طلاق اس غیر مدخولہ بائن کر دیتی ہے اور تین طلاق اسکو حرام کر دیتی ہیں
تک کہ دوسرے خاوند کے ساتھ نکاح کرے

والواحدة تبینها والثلاث تحرمها حتی تنکح زوجا غیره

ایسا ہی معاملہ مسئلہ عبد اللہ بن عباس و ابوہریرہ و عبد اللہ بن عمر
کے سامنے پیش ہوا جب ان سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا کہ ایک آدمی نے
زوجہ بکر کو تین طلاق دے سو سب نے جواب دیا کہ وہ تجھ پر حرام ہو گئی اور ابو سلمہ
نے بھی یہی روایت کی ہے کہ ابن عباس و ابوہریرہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص
اپنی زوجہ کو تین طلاق دیوے لا تحل له حتی تنکح زوجا غیره
یعنی حلال نہیں اسکے واسطے ہے کہ غیر کے ساتھ نکاح کرے یعنی حلالہ کرائے
سعید بن جبیر رضہ سے مروی ہے کہ کسی نے ابن عباس رضہ سے دریافت کیا
کہ جسنے اپنی زوجہ کو سو طلاق دی فرمایا تین طلاق اسکو حرام کر دیتی ہیں اور ستانوے
طلاق اس کی گردن پر ہے کہ اس نے آیات اللہ کو ٹھٹھا بنایا اور مجاہد
کہتے ہیں کہ کسی نے ابن عباس رضہ کو کہا کہ میں نے اپنی زوجہ کو سو طلاق دی ہے
ابن عباس رضہ نے فرمایا کہ تمنے اپنے رب کی نافرمانی کی ہے اور عورت تیری
تجھ سے جدائی ہو گئی ہے تمنے خدا کا خوف نہیں کیا تاکہ تیرے واسطے کوئی مخرج
ومن یتق الله یجعل له مخرجا یعنی جو کوئی خدا سے ڈرتا ہے اللہ اس کے
واسطے کوئی مخرج بناتا ہے۔ قال الله تعالی یا ایها النبی اذا طلقتم النسا
ء فطلقوهن فی قبل عدتهن الله تعالی نے فرمایا ہے کہ اے نبی
جب عورتوں کو طلاق دو تو عدت کے اول دو۔ اور اسیطرح اصحاب رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے چنانچہ ابو داود عبد اللہ سے بھی یہی
روایت ہے کہ فرمایا اس کے حق میں جو شخص طلق امراته ثلاثا ثم
قبل ان یدخل بها قال لا تحل له حتی تنکح زوجا غیره

کہ جو آدمی تین طلاق دیوے قبل از دخول۔ فرمایا نہیں حلال واسطے اس کے
حق سے نکاح کرے اور عطا میں ایسا ہی سے مروی ہے جاء رجل عبد اللہ
بن عمرو فقال من رجل طلق امراتہ ثلاثا قبل ان یمسہا یعنے
کوئی آدمی عبد اللہ بن عمر رض کے پاس آیا اور سوال کیا کہ کسی نے اپنی
عورت کو تین طلاق دے دیں قبل اس کے یعنے دخول کے عطاء
کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ طلاق بکر کی ایک ہے سو عبد اللہ بن عمر رض
بولے کہ تو قصہ خوان ہے کیونکہ طلاق واحد عورت غیر مدخولہ
کو بائن کر دیتے ہیں اور تین حرام کر دیتی ہیں تا کہ دوسرے سے نکاح
نکرے اور انس رضی اللہ سے مروی ہے لا تحل حتی تنکح سند جید وغیرہ
یعنے بدون نکاح کرنے کے غیر کے ساتھ حلال نہیں ہوتی اور انس سے
یہہ بھی مروی ہے کہ عمر بن خطاب رض کے پاس کسیکو لاتے تھے کہ
اس نے اپنی عورت کو تین طلاق دی ہوں زوج ظہرہ اسکی
پشت کو درودیتے تھے یعنے درے مارتے تھے اور عبد اللہ بن مسعود
رض سے بھی ایسا ہی مروی ہے سوال اگر کوئی یہہ اعتراض کرے
کہ جسطرح عدت میں کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنا فاسد ہے
اور وہ عقد جائز نہیں اور بغیر طلاق دینے کے وہ شخص عورت سے
جدا ہو جاوے کیونکہ وہ عقد غیر واقع ہے کہ ناجائز وقت میں یہہ
نکاح ہوا۔ اسیطرح جب طلاق بے محل دیوے تو وہ طلاق بھی
واقع ہونی چاہئے الجواب بات یہی ہے کہ دخول در عقود کے
طور پر چاہئے جسطرح امر شارع کا ہے اور یہ دخول مشروط بشرائط
ہے مگر خراج ان عقود سے مشروط بشرائط نہیں ہے چنانچہ نماز
میں داخل ہونا مشروط بشرائط ہے کہ سوائے تکبیر کے اور طہارت
بار جاتے بدنی و طہارت بدن کے ناجائز ہے اور خروج از نماز بلفظ
سلام واجب ہے کہ جو بلا طہارت بلا تکبیر نماز داخل ہوویگا تو وہ دخول
غیر معتبر ہے لیکن جب نماز میں داخل ہو جاوے تو کہانا کھاتے یا پانی

ے یا کلام کرنے یا اور کام کرنے یا اور کام منافی صلوٰۃ کے نماز سے خارج
ہوجاتا ہے اور اس فعل ناجائز سے گناہگار ہوجاتا ہے۔ ایسا ہی نکاح
ن داخل ہونا بشروط الشرائط ہے سوائے ان شرائط کے
ل نہیں ہوسکتا مگر خروج از نکاح کا ہے بطریق مشروع ہوتا
ہے جیسا کہ ایک طلاق طہر میں دیوے اور کا ہے طریق نا مشروع
ہوتا ہے جیسا کہ تین یکبارگی دیدیوے یا حیض میں طلاق دیوے
تین طلاق واقع ہوگئی مگر گناہگار ہوجاوے گا۔ یہ مذہب امام اعظم
حنیفہ وامام ابو یوسف وامام محمد کا ہے یہ خلاصہ ترجمہ کیا فی
طحاوی کا ہے اور بخاری میں ایک باب منعقد کیا ہے۔

باب من اجاز طلاق الثلاث لقوله تعالے الطلاق
مرتان فامساک بمعروف او تسریح باحسان - یہ باب دربیان
اس شخص کے کہ جس نے تین طلاق جائز رکھا ہے بدلیل قول
تعالے کہ طلاق دو بار ہے سو پاس رکھے یا چھوڑ دے۔

عینی شارح بخاری کہتا ہے کہ اسمیں اختلاف ہے سو طاؤس ومحمد
بن اسحاق وحجاج بن ارطاۃ ونخعی وابن مقاتل وظاہریہ گئے ہیں کہ
تین جگہ طلاق دینے سے ایک واقع ہوتی ہے اور دلیل انکی ایک
حدیث ہے کہ جسکو مسلم اور طحاوی وابوداؤد ونسائی نے روایت کیا
ہے کہ ابو الصہباء نے ابن عباس رض سے پوچھا کہ بھلا تم جانتے ہو کہ
تین طلاق حضرت صلعم کے عہد وصدیق اکبر رض کے عہد میں
اور تین سال خلافت عمر رض میں ایک جاتا تھا ابن عباس رض بولے
ہاں اور بعض کا قول ہے کہ تین طلاق دینے سے ایک بھی نہیں
ہوتی اور مذہب جمہور علماء تابعین وجمع تابعین کا یہ ہے کہ تین جگہ دیجو
سے تینوں واقع ہوجاتی ہیں منجملہ ان علما کے [illegible] واصحاب احمد
واسحاق وابو ثور وابو عبید اور کثیر علما ہیں لیکن تین طلاق یکجا دینے
سے گناہگار ہوجاتا ہے۔ اور [illegible] نے کہا ہے کہ جو شخص اس مذہب

جمہور کے برخلاف ہے وہ شاذ ہی اور مخالف اہل سنت کا اس حدیث
ابن عباس رضہ کے ساتھ اہل بدعت وغیر معتبر آدمی متعلق
ہوئے ہیں جنکا کچھ اعتبار نہیں اور وہ قابل التفات میں کیونکہ
وہ لوگ جدا ہیں سنت وجماعت سے جماعت کا اتفاق در اجماع تحریف
کتاب اللہ وسنت رسول اللہ پر ناممکن ہے اور امام طحاوی نے جواب
شافی دیا ہے (جسکا خلاصہ مذکور ہو چکا ہے) جب حضرت عمر رضہ
کے حضور میں انکا وقوع ملاث کا کسی نے نہیں کیا تو اجماع
اور اجماع عند بعض المشائخ ناسخ قرار دیا ہے کہ اجماع موجب
علم الیقین کا ہوتا ہے مثل نص صریح کے اور اجماع ایسی حجت
قوی ہے کہ حدیث مشہور سے اقوی ہے جب کہ حدیث مشہور
کے ساتھ نسخ جائز ہے کہ زیادتی بر نص بحدیث مشہور جائز
جائز ہے تو جواز نسخ باجماع اولے واَلیق ہے اور فقیر کہتا ہے کہ
اس تطویل کی حاجت نہیں کیونکہ حدیث ابن عباس رضہ کی وراصل
حدیث ہے نہیں بلکہ وہ باہم پوچھنا ہر ابن عباس رضہ کے ایک
امر کا سکا وہ سوال تو جواب کے طور پر واقع ہوا کہ وہ دریافت کرتا
ہے کہ حضرت کے عہد اور صدیق کے عہد و تین سال خلافت حضرت عمر رضہ
سے تین طلاق سہ گو ایک بنایا جاتا تھا ابن عباس رضہ نے جواب دیا
منع کی حجت زرع ثبوت آیت یا حدیث کی ہے آیت یہہ ہے یا
ایہا النبی اذا طلقتم النساء فطلقوھن لعدتھن یعنے اے
نبی کریم جب تم ارادہ طلاق کا کرو تو عدت سے پہلے کرو۔ اس ایت
سے صرف اتنا ثابت ہوتا ہے کہ حیض میں طلاق نہ دو کیونکہ حیض
حائل ہے مابین عدت وطلاق کے عدت طہر سے شروع ہوتی
ہے عند الاحناف اور حیض کا مل ہے عند الوقوع ہے۔ یہ بات تو
آیت سے کسیطرح ظاہر نہیں ہوتی کہ ایک طلاق دو یا تین اگر
جانب ہوتی تو الطلاق مرتان دوسری ایت میں آس کی مخالف ہے

چونکہ جب طلاق معاً واقع ہوجاتی ہے تو وحدت ماموره منسوخ ہوئی۔
…معلوم ہوا کہ وحدت طلاق بالکل مفہوم آیت بلکہ الطلاق معرف … دو
…طلاق جیسے دو سے اور سلام ہے جب وہ طلاق معاً واقع ہوگئیں تو تین
…بھی ویسی ہی واقع ہوجاتی ہیں آیت سے ممانعت طلاق فی الحیض کی
…مفہوم ہے سو وہ طلاق بھی واقع ہوجاتی ہے گو طلاق دینے والا آثم ہووے
…جیسا کہ معاملہ عبداللہ بن عمر رض کا اسبات پر شاہد عادل ہے کہ عبداللہ
…نے اپنی زوجہ حیض میں طلاق دی تھی سو حضرت صلعم نے فرمایا کہ تم رجوع کرو
…اور طلاق دینی ہو تو طہر غیر مدخول میں دینا۔ اس سے بھی واضح ہوا
…طلاق امر الہی اگر اطلاق دیوے تو واقع ہوگئی اور مطلق آثم ہوا۔ غرض
…یہ ہے کہ طلاق بہرکیف واقع ہوجاتی ہے خواہ حیض میں ہو خواہ تین یکجا ہوں
…بخلاف کا تجربہ ہے کہ مطلق آثم ہوجاوے۔ عینی کہتا ہے کہ وجہ استدلال
…شروع طلاق ثلاثہ از قول اللہ تعالے الطلاق مرتان یہ ہے کہ جب اجماع
…دو طلاق جائز ہوا تو اجتماع ثلاثہ کا جائز ہوا مگر احسن اس استدلال
…سے جو استدلال ہے کہ او تسریح باحسان عام ہے شامل
…تطلیق ثلاثہ معاً کو۔ اور ابن ابی حاتم نے باسناد ابو رزین سے
…روایت کیا ہے کہ کوئی شخص حضرت صلعم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا
…اللہ تعالے نے فرماتا ہے فامساک بمعروف او تسریح باحسان پھر تیسری
…طلاق کہاں گئی حضرت صلعم نے فرمایا تسریح باحسان۔ اس حدیث
…کا سند صحیح ہے لیکن مرسل ہے راقم کہتا ہے کہ مرسل عند الحنفیہ
…واجب عمل ہے) اور ابن مردویہ نے بھی اس حدیث کو مرسلاً
…بیان کیا ہے اور بخاری میں ہے کہ امرأۃ رفاعہ قرظی حضرت صلعم کی خدمت
…میں آ کر عرض کرنے لگی۔ کہ یا رسول اللہ رفاعہ نے مجھ کو طلاق بائنہ دی
…ہے اور میں نے عبدالرحمن بن زبیر قرظی رض کے ساتھ نکاح کیا ہے

اور وہ سخت ہے نقل ہے سے حضرت صلعم نے فرمایا کہ تو ارادہ
کرتی ہے کہ رفاعہ کے پاس جاوے یہ نہیں ہوگا جبتک کہ دوسرا خاوند
پیوستہ رہ تو اسکا ہے بخاری اس حدیث اسی غرض سے لایا ہے کہ
ان دونوں نے اسکو تین طلاق دی تھیں اور اس عورت کا نام تمیمہ بنت
وہب تھا۔ عینی کہتا ہے کہ طبرانی نے معجم اوسط میں حضرت عائشہ رض
سے روایت کیا ہے کہ تمیمہ عبدالرحمن کی زوجہ تھی اس نے
اسکو طلاق دی تھی اور رفاعہ میں رفاعہ کیا تھا اسکا نکاح ہوا تھا اور
اسمیں لئے حضرت صلعم سے حضرت صلعم نے وہی جواب دیا کہ پہلے گذرا

فصل

اب یہہ بھی معلوم کرنا واجب ہے کہ قرآن شریف میں جو نکاح
اور نکاح کا آیا ہے مراد اس سے عقد نکاح ہے اور سوا اسکے
اس آیت کریمہ کے حتی تنکح زوجا غیرہ کے بیان مراد از نکاح وطی
ہے جیسا کہ عینی اسکا بیان مفصل ہے بدلیل حدیث عسیلہ
کے عینی لکھتا ہے کہ یہ استدلال ضعیف ہے کیونکہ اسناد نکاح
کا اس آیت میں طرف عورت کے ہے اور عورت واطی نہیں ہے وطی
واطی مرد ہوتا ہے نہ عورت بلکہ مراد از نکاح عقد ہے اور وطی کا
ثبوت بخبر مشہور ہے خبر مشہور کے ساتھ زیادتی جائز ہے حلالہ
میں وطی کرنے زوج ثانی کی شرط ہے سب کا اتفاق ہے صرف
سعید بن مسیب کا خلاف ہے وہ کہتے ہیں کہ عقد صحیح تحلیل کرنے کو
کافی ہے سعید بن مسیب کے ساتھ سوا طائفہ خوارج کے کوئی
متفق نہیں اور ابو الرجا مختار بن محمود زاہدی نے اپنی کتاب
قنیہ میں لکھا ہے کہ سعید بن مسیب اپنے مذہب سے رجوع کر گیا
تھا اب کوئی قاضی حکم بمذہب سعید بن مسیب کرے تو قضا اسکی
غیر نافذ ہے اگر کوئی فتوے دیوے تو اس پر تعزیر جاری کیجاوے

ف) اکثر علماء کا قول ہے کہ تحلیل میں وطی شرط ہے جہاں ان
ے زوج اول پر نکاح جائز تب ہے حسن بصری کا وہ ہے کہ یہ لوگ قائل
وطی کے نہیں

فصل اس میں علماء کے اختلاف کہ نکاح ثانی حنفی کر لیوے کہتے
ہیں کس طور پر جائز ہوتا ہے اور کس طور پر ناجائز۔ امام مالک
رح کا مذہب ہے کہ نکاح صحیح نہ ہے جو مشروط ہو اور جو عقد تحلیل
ہے وہ فاسد ہے اور جان کو علم تحلیل کا ہووے یا نہووے
اور قبل از دخول یا بعد از دخول فسخ کر دیوے اور امام ابوحنیفہ رح
اور امام شافعی رح کا مذہب ہے کہ نکاح صحیح ہے خواہ نکاح
شرط ہے یا مکروہ ہے۔ اور امام شافعی رح کا مذہب ہے کہ اگر عقد نکاح
میں تحلیل کی اور طلاق کی شرط کرے تو ناجائز ہے اگر شرط
نہ کرے امام ابوحنیفہ رح سے روایت کیا ہے کہ زوج ثانی نیت
تحلیل کی واسطے زوج اول کرے تو نکاح غیر صحیح ہے یہی قول ابو یوسف
اور امام محمد رح کا ہے اور حسن بن زیاد اور امام زفر رح اور امام زفر رح
امام ابوحنیفہ رح سے روایت کرتے ہیں کہ اگر زوج ثانی نفس
عقد میں شرط تحلیل کی واسطے زوج اول کرے تو بھی نکاح صحیح
ہے اور صورت زوج ثانی کی بلا وطی حلال نہیں اور خلوت صحیح بھی
قائم مقام وطی کی نہیں

فصل رسول اللہ یہ حدیث لعن اللہ المحلل والمحلل
حضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ حلالہ نکالنے والے اور جسکی
خاطر حلالہ نکالا گیا۔ ان دونوں پر خدا کی لعنت ہے۔ ترمذی نے کہا
ہے کہ حدیث حسن صحیح ہے اور امام احمد نے اپنے مسند میں اور
ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ نے حارث سے اور حارث نے حضرت

علی رضہ سے روایت کیا ہے کہ لعن اللہ المحلل والمحلل لہ
اور ابن عباس رضہ سے بھی ایسی ہی روایت اور احمد بزار و ابو یعلے
و اسحاق اپنے اپنے مسندوں میں روایت ابن عباس سے
لائے ہیں حدیث اور ابن ابی شیبہ نے حضرت عمر رضہ سے روایت
کیا لا اوتی بمحلل ومحلل الا رجمتہ یعنے محلل ومحلل لہ اگر
پاس لائے جاویں تو میں انکو سنگسار کروں گا۔ اور عبدالرزاق
نے روایت کیا ہے کہ عبداللہ بن عمر سے کسی نے سوال کیا کہ کسی
نے اپنی عورت کو طلاق دی ہے پھر نادم ہوا کسی اور شخص نے
ارادہ کیا ہے کہ اس عورت کے ساتھ نکاح کرے تاکہ پہلے کے
واسطے حلال ہو جاوے ابن عمر نے فرمایا کہ دونو زانی ہیں اگرچہ
بیس سال تک نکاح میں رہیں۔ اور ان احادیث و آثار
سے واضح ہوتا ہے کہ نکاح ثانی بشرط تحلیل مکروہ حرام ہے اور
اور امام ابو حنیفہ رح و اصحاب انکے جائز فرماتے ہیں۔

الجواب عینی لکھتا ہے کہ لفظ محلل کا دال ہے اس بات
پر کہ نکاح صحیح ہے کہ محلل یعنے مثبت حلال ہے اگر نکاح فاسد
ہوتا تو محلل نہ فرماتے اور لعنت تب ہے کہ جب ارادہ استحلال
کا کرے اور حدیث علی رضہ میں راوی ابو داؤد کو شک ہے کیونکہ
ابو داؤد نے کہا ہے کہ مجکو معلوم نہیں کہ حضرت صلعم تک مرفوع کی
ہو اور مسلم کیا ہے ساتھ حارث سراوی کے اور حدیث عقبہ
بن عامر کی اسناد عبدالحق نے حسن بتائی ہے ترمذی نے
علل کبیر میں لکھا ہے کہ میں نہیں جانتا کہ لیث بن سعد نے
مشرح بن ہامان سے سنا ہو اور ابن ابی حاتم نے کہا ہے کہ
لیث نے مشرح بن ہامان سے نہیں سنا اور روایت

اور اثر حضرت کی طحاوی نے کہا ہے کہ محمول بر تہدید و تشدید
التغلیظ ہے جیسا کہ حضرت صلعم نے ارادہ فرمایا کہا جو کوئی جماعت
سے پیچھے رہتے ہیں انکے گھر جلادوں اور ایسا ہی جواب ہے اثر
عبداللہ عمر رضہ کا اگر کسی کو یہ خیال ہو کہ سوال و جواب ابو صہبا
اور عبداللہ بن عباس رضہ میں جو تذکرہ آیا کہ زمانہ حضرت صلعم
اور بایام خلافت صدیق اکبر رضہ اور تین سال امارت فاروق اعظم رضہ
سے تین طلاق کو ایک بنایا جاتا تھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ
امر رائج بلا اعتراض از جناب سرور کائنات اور بلا اعتراض
امر خلیفہ اول جیسا ایسی ناممکن ہے بالضرور صدور اس حکم کا یا
اشارہ شارع و خلیفہ شارع ہوا ہوگا - جواب یہ ہے کہ امر
مشتہر ہی دینی ہے جو صادر از شارع ہو اس خیال کا لازم
یہ ہے کہ جب یہ اطلاع خلیفہ ثانی کو ہوئی تو آپ نے اس عمل
و حکم کو مردود فرمایا اور بہت تشدد کیا جیسا کہ بالا مذکور ہوا اس
تشدد و مخالفت سے صاف ظاہر ہے کہ امر نبوی و صدیقی نہیں
تھا اور نظائر اس امر کے بہت ہیں کہ جو رائج ہو اور حضرت صلعم
تک اطلاع نہ ہو سکی شیوع و رواج سے مشروعیت اس امر کی
بیان شارع ہی لازم ہے چنانچہ شرح معانی آثار طحاوی میں
ایک تذکرہ لکھا ہے کہ عبید بن رفاعہ رضہ الانصاری کہتے ہیں کہ ہم
ایک مجلس میں تھے کہ وہ تذکرہ غسل از انزال کا مابین واقع ہو
گیا زید بن ثابت نے فرمایا کہ صحبت بلا انزال سے تم پر کچھ
نہیں صرف اتنا ہے کہ طہارت لیئے غسل فرض کرے اور وضو
کرے جیسا وضو نماز کرتا ہے پس ایک آدمی اٹھ کر مجلس سے
نکلا حضرت عمر رضہ کی خدمت میں آکر یہ بات سنائی کہ زید بن ثابت

ایسا مسئلہ فرمار ہے ہیں سو حضرت عمر رضہ نے اُس شخص کو حکم دیا
کہ تم ہی جاکر انکو میرے پاس لاؤ تاکہ تو بھی اُس کو پیش آئیگا سو وہ
وہ جاکر انکو بلا لایا اور حضرت عمر رضہ کی مجلس میں بہت اصحاب
صلعم کے تھے اور انمیں حضرت علی و معاذ بن جبل رضہ بھی
[…] حضرت عمر رضہ نے زید بن ثابت رضہ کو فرمایا کہ تو اپنے نفس
کا دشمن […] لوگوں کو ایسا فتوے دیتا ہے پس زید بولے
کہ خدا کی قسم […] نے اپنی طرف سے ایجاد نہیں کیا اپنے چچاؤں
یعنے رفاعہ بن […] و ابو ایوب انصاری رضہ سے سنا ہے
پس حضرت عمر رضہ نے مجلس والوں کو خطاب کیا کہ تم اسمیں
کیا کہتے ہو پس انکا […] نے اختلاف کیا حضرت عمر رضہ نے فرمایا اے
عبداللہ میں سوائے تمہارے کس سے دریافت کروں حالانکہ تم اہل
بدر اخیار لوگ ہو پس حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ ازواج
مطہرات نبی کریم صلعم کی طرف کسی کو بھیجکر مسئلہ دریافت کرو کیونکہ
جو بات اس مسئلہ میں ہوگی انکو معلوم ہوگی پس حضرت عمر رضہ نے
حضرت حفصہ رضہ کے پاس آدمی […] مسئلہ دریافت فرمایا انہوں نے جواب
دیا کہ مجھے معلوم نہیں […] عائشہ صدیقہ رضہ کیطرف
تیسرا آدمی بھیجکر دریافت فرمایا […] حضرت صدیقہ رضہ نے فرمایا کہ
اذا جاوز الختان الختان فقد وجب الغسل یعنے جب
ختان ختان سے تجاوز کرے تو غسل فرض ہو جاتا ہے تب حضرت
امیر المومنین نے فرمایا لا اعلم احدا فعله ثم لم یغتسل
الا جعلته نکالا یعنے جس شخص […] کا حال معلوم ہوا کہ اس نے
ایسا کیا ہے میں اسکو عبرت کرونگا […] دوسری روایت میں
ہے کہ جب حضرت عمر رضہ نے زید بن ثابت کو خطاب فرمایا تو

سنے عارض کیا کہ میں نے انصار سے سنا ہے تشبیہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے
سے کون انصار سے انہوں نے کہا کہ ابی بن کعب و ابو ایوب و
بن رافع نے پس حضرت عمر رضی متوجہ ہوئے رفاعہ بن رافع کی طرف
یہ جو ان کیا کہا ہے پس رفاعہ نے کہا کہ ہم حضرت صلعم کے
میں ایسا کرتے تھے پھر غسل نہیں کرتے تھے حضرت عمر رضی نے
یا ہو یا تھے حضرت صلعم سے دریافت کیا تھا علیحدہ ہوتے انہیں
تھا حضرت عمر رضی نے فرمایا کہ لوگوں کو میرے پاس بلاؤ ان کا پس
سے جمع ہو کر متفق ہو گئے - لہذا . لا یکون الا من [illegible]
پانی سے ہی ہوتا ہے - یعنی غسل انزال سے ہوتا ہے - مگر حضرت
و معاذ بن جبل رضی نے فرمایا ہے کہ اذا جاوز الختان الختان
فقد وجب الغسل - جب ختان ختان سے گذرے تو غسل
جاتا پس حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ یہ بات ازواج
مطہرات سے معلوم ہوگی سو حضرت حفصہ رضی نے دریافت کیا
انہوں نے لاعلمی بیان کی پس حضرت عائشہ صدیقہ رضی سے
دریافت فرمایا تو انہوں نے فرمایا کہ اذا جاوز الختان الختان فقد وجب
الغسل پس حضرت عمر رضی نے فرمایا کہ مجھکو معلوم ہوا کہ کوئی ایسا
کرتا ہے اور غسل نہیں کرتا تو اسکو بہت سخت عقوبت کرونگا اور
روایات بھی درج ہیں مختصر لکھا گیا ہے غرض اس بیان
سے پایا جاتا ہے کہ یہ امر رائج ہیں اصحاب کرام تھا لیکن بے اصل
تھا [illegible] کی اسمیں نہیں تھی - ایسا ہی تین طلاق کا مسئلہ
رائج ہیں اصحاب اسوقت ہوا تھا لیکن حکم نبوی نہیں ہوا تھا
اگر حکم نبوی ہوتا تو کوئی صحابی حضرت عمر رضی کی حضور میں ذکر کرتا اور
یقین کرتا ہے ۔

یہ مسئلہ اسواسطے بیان ہوا کہ عوام کو عبرت ہو اور اس حرکت سے باز آویں کہ تین طلاق دفعۃً دین چار روز جب آئیں گناہ ہے اور عورت بدون حلالہ کے شوہر اول کے پاس نہیں آسکتی اگر وہابیوں کے مسئلہ پر چلیگا تو دوزخ کا کُندہ بنیگا اور اولاد حرام ہوویگی معاذ اللہ ثم آمین

فاتحہ خوانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

